| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**<br>**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**<br>درجہ : **عالیہ سال دوم** پرچہ : **پانچواں** مضمون : **العقیدۃ**<br>تاریخ: **01-03-2023** دن : **بدھ** کل وقت : **30 منٹ** کل نمبر: **25**<br>مرکز امتحان : ___________ دستخط نگران مرکز امتحان : ___________ دستخط مفتش : ___________ | رول نمبر: ___________<br><br>دستخط طالب علم: ___________ |

## حصہ اول : معروضی

## کثیرالانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ : تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر 1 : بعض عیسائیوں کا عقیدہ تھا کہ عیسی علیہ السلام خدا کے ------ ہیں۔

(الف) رسول (ب) نبی (ج) بیٹے (د) بندے

سوال نمبر 2 : بعض عیسائی ------ کو خدا مانتے تھے۔

(الف) اللہ تعالی (ب) حضرت مریم (ج) حضرت عیسی علیہ السلام (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر 3 : کھانے، پینے، سونے، بھوک اور پیاس کا اطلاق ----- پر ہوتا ہے۔

(الف) اللہ تعالیٰ (ب) فرشتوں (ج) انسانوں (د) کسی پر نہیں

سوال نمبر 4 : "دعوا الخلق إلى الإيمان بالله" میں "دعوا" کا فاعل ------ ہیں۔

(الف) انسان (ب) انبیاء (ج) فرشتے (د) جنات

سوال نمبر 5 : محمد بن محمد جزی کلبی کی تاریخ پیدائش ہے۔

(الف) 693ھ (ب) 698ھ (ج) 699ھ (د) 700ھ

سوال نمبر 6 : "وتوكل على الحي الذي لا يموت" اللہ پاک کے وصف ------ پر دلیل ہے۔

(الف) علم (ب) حیاۃ (ج) کلام (د) قدرت

سوال نمبر 7 : ملکوت میں کوئی شے جاری نہیں ہوتی مگر اللہ کے ------- سے۔

(الف) فیصلے (ب) قدرت (ج) مشیئت (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر 8 : حضرت عیسی علیہ السلام کی والدہ کا نام ------- ہے۔

(الف) حضرت ہاجرہ (ب) حضرت حوا (ج) حضرت مریم (د) حضرت بلقیس

سوال نمبر 9 : معدوم کا وجود ------- کی دلیل ہے۔

(الف) حادث (ب) قدیم (ج) ضروری (د) واجب

سوال نمبر 10 : عیسائیوں کا یہ گمان کہ عیسی علیہ السلام کو قتل کیا گیا انکے اس قول کے منافی ہے۔

(الف) وہ اللہ ہے (ب) وہ نبی ہے (ج) وہ رسول ہیں (د) ب اور ج

سوال نمبر 11 : اللہ تعالیٰ کے سوا ہر موجود ------ ہے۔

(الف) محدث (ب) مخلوق (ج) حادث (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر12: ﴿وَتَرَى الْأَرْضَ هَامِدَةً﴾ میں "هامدة" کا معنی ہے۔

(الف) مرجھائی ہوئی (ب) بنجر (ج) بے آب وگیاہ زمین (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر13: "یدالله" سے مراد معتزلہ کے نزدیک اللہ کی ------ ہے۔

(الف) قدرت (ب) کیفیت معلومہ (ج) کیفیت غیر معلومہ (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر14: اللہ تعالی نے موسی علیہ السلام سے جو کلام کیا، وہ اللہ کی صفت ------- ہے۔

(الف) حادث (ب) مخلوق (ج) ازلی (د) الف اور ب

سوال نمبر15: اللہ کا کلام ----- ہوتا ہے۔

(الف) ادات کے ساتھ (ب) حروف کے ساتھ (ج) ادات وحروف کے ساتھ (د) بغیر آلات وحروف کے ساتھ

سوال نمبر16: "ترزیق" اللہ پاک کی ------ صفت ہے۔

(الف) ذاتی (ب) فعلی (ج) ذاتی و فعلی (د) صفت نہیں ہے

سوال نمبر17: اللہ تعالی نے بنی آدم کو آدم علیہ السلام کی پیٹھ سے نکال کر ------ عطا کی۔

(الف) جہالت (ب) غباوت (ج) عقل (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر18: قضا قدر اور مشیئت اللہ تعالی کی وہ صفات ہیں جن کی کیفیت ہمیں ------ ہے۔

(الف) معلوم ہے (ب) بعض معلوم ہے (ج) معلوم نہیں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: بندوں کے تمام افعال یعنی حرکت وسکون وغیرہ حقیقتاً ------ ہے۔

(الف) بندوں کا کیا (ب) اللہ کا کیا (ج) فرشتوں کا کیا (د) جنات کا کیا

سوال نمبر20: "ولاندله" کا معنی ہے۔

(الف) اس کے پاس خوراک نہیں (ب) اس کا کوئی ہمسر نہیں (ج) کوئی مخالف نہیں (د) اس سے کوئی الگ نہیں

سوال نمبر21: اللہ تعالی نے قرآن میں کس کے بارے میں فرمایا کہ اس نے اللہ کے کلام کو سنا۔

(الف) حضرت موسی علیہ السلام (ب) حضرت محمد ﷺ (ج) جبرائیل علیہ السلام (د) عزرائیل علیہ السلام

سوال نمبر22: ایمان اور کفر ------- کا اختیاری فعل ہے۔

(الف) بندوں کا (ب) فرشتوں کا (ج) جنات کا (د) اللہ (تعالی) کا

سوال نمبر23: اللہ تعالی معدوم شے کو اس وقت جانتا ہے جب وہ ------- آیا ہو۔

(الف) وجود میں (ب) قیام میں (ج) وجود میں نہ ہونا (د) الف اور ب

سوال نمبر24: قدرت اللہ تعالی کی صفت ------- ہے۔

(الف) صفت ذاتی (ب) صفت فعلی (ج) ذاتی و فعلی (د) صفت نہیں ہے

سوال نمبر25: شرح فقہ اکبر میں اللہ تعالی کے صفات ذاتیہ کی تعداد ------ ہے۔

(الف) 03 (ب) 05 (ج) 07 (د) 09

## حصہ اول : معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ : تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1 : "الدعوۃ" کا مادہ اشتقاق ہے۔

(الف) د،ع،ت　(ب) د،و،ت　(ج) د،ع،و　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2 : "الدعوی" دعوی کرنے کے معنی میں بطور ---------استعمال ہوتا ہے۔

(الف) سبب　(ب) اسم　(ج) یہ دونوں　(د) کوئی نہیں

سوال نمبر 3 : نیکی کی دعوت کے اہداف ہیں۔

(الف) بیان حق　(ب) بلاغ مبین　(ج) اللہ کے دین کا نفاذ　(د) یہ تمام

سوال نمبر 4 : داعی و مبلغ کی اقسام ہیں۔

(الف) 2　(ب) 1　(ج) 8　(د) 4

سوال نمبر 5 : دعوت دین میں بنیادی طور پر --------طرح کے مدعوین کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

(الف) 3　(ب) 4　(ج) 5　(د) 2

سوال نمبر 6 : دعوت دین میں مخالفین کی نفسیات، میلانات اور ترجیحات کو ---------اقسام میں بیان کیا گیا ہے۔

(الف) 2　(ب) 3　(ج) 4　(د) 6

سوال نمبر 7 : دین اسلام کا نظام عقائد بنیادی طور پر --------چیزوں پر مشتمل ہے۔

(الف) 4　(ب) 5　(ج) 3　(د) 2

سوال نمبر 8 : وجود صانع کے دلائل میں ہے۔

(الف) فطرت　(ب) عقل　(ج) یہ دونوں　(د) کوئی نہیں

سوال نمبر 9 : وحدانیت کے دلائل میں ہے۔

(الف) دلیل تمانع　(ب) نظام کائنات　(ج) یہ دونوں　(د) ان دو میں سے کوئی ایک

سوال نمبر 10 : عالم ارواح کے بعد دوسرا عالم ہے۔

(الف) عالم برزخ　(ب) عالم ارحام　(ج) یہ دونوں　(د) کوئی نہیں

سوال نمبر 11 : قبیلہ ربیعہ کو آپ ﷺ نے کتنی باتوں کا حکم دیا؟

(الف) 2　(ب) 3　(ج) 4　(د) یہ تمام

سوال نمبر12 : نماز کی فرضیت کتنے مرحلوں پر مشتمل ہے؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 6

سوال نمبر13 : مدعو سے ابتدا میں ہی سو فیصد قبولیت کی امید نہ لگائے بلکہ اسے وقت دے۔

(الف) اسناد (ب) مبلغ (ج) فلسفی (د) کوئی نہیں

سوال نمبر14 : داعیِ فلاح و نجات ﷺ نے کتنے سال مکہ والوں کو دعوت حق دی؟

(الف) 10 (ب) 20 (ج) 12 (د) 13

سوال نمبر15 : کس صحابی رضی اللہ عنہ کے گھر ابتدائی سالوں میں نیکی کی دعوت کا سلسلہ منتقل ہوا؟

(الف) زید بن حارث (ب) ابو بکر صدیق (ج) عمر فاروق (د) ارقم رضوان اللہ علیہم

سوال نمبر16 : دعوتِ نوح میں ثابت قدمی کا عنوان کتنی چیزوں پر مشتمل ہے؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر17 : دعوت توحید، رد شرک اور اخوت و مساوات کس نبی علیہ السلام کی دعوت کے اساس ہیں۔

(الف) حضرت سلیمان (ب) حضرت ابراہیم (ج) حضرت نوح (د) حضرت یونس علیہم السلام

سوال نمبر18 : تزکیہ نفس اسلام کا ایسا حسن ہے جس نے ---------- کو بھی متاثر کیا۔

(الف) مسلمانوں (ب) غیر مسلموں (ج) صوفیاء (د) مسلم فلسفیوں

سوال نمبر19 : انبیاء کرام علیہم السلام کی ذمہ داریوں میں مشترک تھا۔

(الف) تعلیم وتربیت (ب) تزکیہ نفس (ج) یہ دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20 : مدین شہر کی طرف کس نبی علیہ السلام کو مبعوث فرمایا گیا تھا۔

(الف) حضرت یونس علیہ السلام (ب) حضرت ہود علیہ السلام (ج) حضرت شعیب علیہ السلام (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

سوال نمبر21 : "**الدعوۃ**" کا لفظ باعتبار معتل ہونے کے لیے۔

(الف) مثال (ب) صحیح (ج) اجوف (د) ناقص

سوال نمبر22 : مسلمان مرد و عورت، عاقل، بالغ، مسافر پر تمام شرائط کے ساتھ فرض عین ہے۔

(الف) نماز (ب) روزہ (ج) یہ دونوں (د) زکوۃ

سوال نمبر23 : معاشرتی اخلاقیات سے ہے۔

(الف) عفو و در گزر (ب) کارہائے خیر میں معاونت (ج) یہ دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24 : نظامِ عقائد، نظامِ عبادت اور نظامِ اخلاق بنیادیں ہیں۔

(الف) مذہب (ب) فرقہ (ج) فلسفہ (د) یہ تمام

سوال نمبر25 : دعوت دین میں موافقین کے مزاج کو کتنی قسموں میں بیان کیا گیا ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 8

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

مضمون: **الفقہ** پرچہ: **دوسرا** درجہ: **عالیہ سال دوم**

کل نمبر: **25** کل وقت: **30 منٹ** دن: **ہفتہ** تاریخ: **25-02-2023**

دستخط ممتحن: __________ دستخط نگران مرکز امتحان: ___________ مرکز امتحان: ___________

# حصہ اول: معروضی

## کثیرالانتخابی سوالات(MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25=25x1)**

سوال نمبر1: صاحب ہدایہ نے کتاب الطہارات کی ابتدا کس سے کی؟

(الف) آیت قرآنی (ب) حدیث (ج) قول صحابی (د) قول امام اعظم

سوال نمبر2: وضو میں "مسح رأس" کسے کہتے ہیں۔

(الف) الإسالة (ب) الإصابة (ج) إمساک الماء (د) إدراک الماء

سوال نمبر3: وضو میں "ربع رأس" کا مسح کس امام کے نزدیک ہے؟

(الف) امام اعظم (ب) امام شافعی (ج) یحییٰ بن معین (د) ابن حجر مکی

فرمان باری (تعالی) ﴿فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُم﴾ میں امام شافعی کے نزدیک "فاء" کس لیے ہے؟

(الف) عطف کے لیے (ب) تفصیل کے لیے (ج) تعقیب کے لیے (د) تعلیل کے لیے

سوال نمبر5: فرض غسل میں کلی کرنا کن کے نزدیک فرض ہے؟

(الف) امام شافعی (ب) ابن ابی لیلیٰ (ج) امام مالک (د) داؤد ظاہری

سوال نمبر6: امام مالک کے نزدیک غسل جمعہ کا کیا حکم ہے؟

(الف) سنت (ب) واجب (ج) مستحب (د) حرام

سوال نمبر7: ماء مستعمل میں احناف کا مفتی بہ قول کیا ہے؟

(الف) طاہر مطہر (ب) غیر طاہر (ج) نجس (د) طاہر غیر مطہر

سوال نمبر8: "فهو دباغ وإن كان تشميسا أو تتريبا" میں "تشمیس" کا معنی ہے۔

(الف) دھوپ میں دباغت کرنا (ب) آگ میں دباغت کرنا (ج) چاند کی روشنی میں (د) نمک لگا کر دباغت کرنا

سوال نمبر9: بلی کے جوٹھے کا کیا حکم ہے؟

(الف) طاہر مطہر (ب) نجس (ج) طاہر مکروہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر10: تیمّم کا لغوی معنی کیا ہے؟

(الف) قصد کرنا (ب) مٹی ملنا (ج) وضو کا خلیفہ (د) زمین پر ہاتھ مارنا

سوال نمبر11: تیمّم میں نیت کس امام کے نزدیک فرض نہیں ہے۔

(الف) امام زفر (ب) امام اعظم (ج) امام ابو یوسف (د) امام محمد

سوال نمبر12: "مسح علی الخفين" کا کیا حکم ہے؟

(الف) سنت (ب) واجب (ج) حرام (د) فرض

سوال نمبر 13: جنبی کے لیے موزے پر مسح کا کیا حکم ہے؟

(الف) فرض (ب) سنت (ج) ناجائز (د) مباح

سوال نمبر 14: حیض کی احناف کے نزدیک کم سے کم مدت کتنی ہے؟

(الف) ایک دن رات (ب) دو دن (ج) اڑھائی دن (د) تین دن اور رات

سوال نمبر 15: "استمرّ" شش اقسام میں کیا ہے؟

(الف) ثلاثی مجرد (ب) ثلاثی مزید فیہ (ج) رباعی مجرد (د) خماسی مجرد

سوال نمبر 16: امام شافعی کے نزدیک نفاس کی مدت زیادہ سے زیادہ کتنی ہے؟

(الف) 60 دن (ب) 40 دن (ج) 50 دن (د) 55 دن

سوال نمبر 17: احناف کے نزدیک کتنے پتھروں سے استنجاء مسنون ہے؟

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) کوئی معین عدد نہیں

سوال نمبر 18: حدیث پاک "أبردوا بالظهر" کس امام کی دلیل ہے؟

(الف) امام اعظم (ب) صاحبین (ج) امام شافعی (د) امام مالک

سوال نمبر 19: "أسفروا" کون سا فعل ہے؟

(الف) فعل امر (ب) فعل ماضی (ج) فعل مضارع (د) فعل نہی

سوال نمبر 20: بے وضو کی اذان کا کیا حکم ہے؟

(الف) مکروہ تحریمی (ب) حرام (ج) جائز (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 21: گھٹنا کس امام کے نزدیک مرد کے ستر عورت میں شامل نہیں ہے؟

(الف) امام اعظم (ب) امام شافعی (ج) امام محمد (د) امام ابو یوسف

سوال نمبر 22: قیام میں امام مالک کے نزدیک ہاتھ رکھیں گے۔

(الف) دائیں ہاتھ کو بائیں پر (ب) بائیں ہاتھ کو دائیں پر (ج) سینے پر (د) ارسال

سوال نمبر 23: احناف کے نزدیک قعدہ استراحت کا کیا حکم ہے؟

(الف) خلاف سنت (ب) سنت (ج) فرض (د) واجب

سوال نمبر 24: قعدہ میں "تورک" مرد کے لیے کن کا مؤقف ہے؟

(الف) صاحبین (ب) شیخین (ج) طرفین (د) امام مالک

سوال نمبر 25: قعدہ اخیرہ میں کس امام کے نزدیک درود پاک فرض ہے؟

(الف) امام اعظم (ب) امام شافعی (ج) امام محمد (د) امام زفر

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ____________ | **سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**<br>**کنزالمدارس بورڈ پاکستان** | KANZUL MADARIS BOARD |
| | درجہ: **عالیہ سال دوم** پرچہ: **چھٹا** مضمون: **المناظرة+الفلسفة** | |
| دستخط طالب علم: __________ | تاریخ: **02-03-2023** دن: **جمعرات** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25** | |
| | مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: __________ | |

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: حمد میں جملہ اسمیہ کو اختیار کیا کیوں کہ یہ دلالت کرتا ہے۔

(الف) حدوث پر (ب) نئے جملے پر (ج) انشاء پر (د) ثبوت و دوام پر

سوال نمبر 2: "صلوۃ" کا لغوی معنی ہے۔

(الف) مطلق عطف (ب) مطلق دعا (ج) رحمت (د) درخواست

سوال نمبر 3: مناظرہ کی تعریف میں "إظهار الصواب" علت ہے۔

(الف) غائیہ (ب) صوریہ (ج) فاعلیہ (د) مادیہ

سوال نمبر 4: "من نصب نفسه لإثبات الحكم بالدليل و التنبيه" یہ تعریف ہے۔

(الف) دعوی (ب) مدعی (ج) مناظرہ (د) مجادلہ

سوال نمبر 5: "غضنفر" کی "أسد" سے تعریف کرنا مثال ہے۔

(الف) تعریف حقیقی (ب) تعریف لفظی (ج) غیر لفظی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: دلیل کی جو تعریف صاحب شریفیہ نے کی ہے، وہ ------ تعریف سے اولی ہے۔

(الف) شارح کی (ب) مشہور تعریف (ج) غیر مشہور تعریف (د) حاشیہ کی تعریف

سوال نمبر 7: "هو ما يمكن التوصل بصحيح النظر في أحواله إلى مطلوب خبري" دلیل کی تعریف ہے۔

(الف) حکماء کے نزدیک (ب) اصولیوں کے نزدیک (ج) نحویوں کے نزدیک (د) فلاسفہ کے نزدیک

سوال نمبر 8: "ملزوم الظن" ------ کو کہا جاتا ہے۔

(الف) دلیل (ب) خفاء (ج) امارۃ (د) تقریب

سوال نمبر 9: تعلیل کی تعریف میں لفظ "الشيء" ہے۔

(الف) عہد کے لیے (ب) امارۃ کے لیے (ج) استغراق کے لیے (د) جنس کے لیے

سوال نمبر 10: منقول عنہ کی طرف قول کی نسبت کو بیان کرنے کے لیے قاضی عضد نے کونسا لفظ استعمال کیا ہے؟

(الف) طلب التصحيح (ب) صحة النقل (ج) تصحيح النقل (د) صحة الدعوى

سوال نمبر 11: مکابرہ ہوتا ہے۔

(الف) الزام خصم کیلئے (ب) نقل کیلئے (ج) درستگی کیلئے (د) غلطی کیلئے

سوال نمبر12: "مایختم بہ الشيء" سے مراد ہے۔

(الف) خاتمہ (ب) ابتداء (ج) اصل (د) متن

سوال نمبر13: "مایحتاج إلیہ الشيء في ماھیتہ" تعریف ہے۔

(الف) دلیل (ب) علت (ج) معلول (د) ملازمہ

سوال نمبر14: الفن الأول فیھا------حسب (ھدایۃ الحکمۃ).

(الف) أحوال الأجسام (ب) یعم الأجسام (ج) تفسیر الأجسام (د) تساوي الأجسام

سوال نمبر15: "جزء لایتجزی" کے بطلان پر کتاب میں ------ دلیلیں ہیں۔

(الف) 02 (ب) 03 (ج) 04 (د) 05

سوال نمبر16: ------قابل للانفکاک۔

(الف) الماء (ب) الجسم (ج) البسیط (د) الجزء

سوال نمبر17: "قابل للانفصال في الحقیقۃ" کی صورتیں بنیں گی۔

(الف) 01 (ب) 02 (ج) 03 (د) 05

سوال نمبر18: قابل کا وجود ضروری ہوتا ہے۔

(الف) جزء کے ساتھ (ب) مقبول کے ساتھ (ج) جسم کے ساتھ (د) صورت کے ساتھ

سوال نمبر19: "افتقار" کا معنی ہے۔

(الف) محتاجگی (ب) ضروری (ج) ملزوم (د) علیحدگی

سوال نمبر20: "الطبیعۃ المقداریۃ" کا بذاتہ محل سے غنی ہونا۔

(الف) ضروری ہے (ب) محال ہے (ج) صحیح ہے (د) جائز ہے

سوال نمبر21: جو تین جہات میں منقسم ہو، اسکو کہتے ہیں۔

(الف) جسم (ب) ہیولی (ج) خط (د) جوہر

سوال نمبر22: خطوط کا تداخل ہے۔

(الف) جائز (ب) لازم (ج) محال (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: ھدایۃ الحکمۃ میں الطبیعات کی قسم ثانی-------فنون پر مشتمل ہے۔

(الف) 05 (ب) 04 (ج) 03 (د) 02

سوال نمبر24: اگر ہم دو جزؤوں کے درمیان ایک جز تصور کریں تو طرفین کو ملانے سے مانع ہوگا۔

(الف) وسط (ب) طرف (ج) جسم (د) حیز

سوال نمبر25: جب دو جسم مرکب ہو کر ایک دوسرے میں حائل ہوں، تو اس حال کو کہتے ہیں۔

(الف) صورۃ (ب) ہیولی (ج) جسم (د) وسط

## حصہ اول: معروضی

## کثیرالانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: ﴿الَّذِي نَزَّلَ الفرقَانَ عَلَىٰ عَبدِهٖ﴾ میں "نَزَّلَ" کا ترجمہ ہے۔

(الف) جس نے نازل کیا (ب) جس نے یکدم نازل کیا (ج) جس نے تدریجا نازل کیا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر2: "فتحدى بأقصر سورة من سوره" میں "تَحَدّٰی" فعل ہے۔

(الف) ماضی معروف (ب) فعل نہی (ج) ماضی مجہول (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر3: ﴿بسمِ اللّٰہ الرَّحمٰن الرَّحیم﴾ سورۃ فاتحہ کا جزو ہے، یہ مؤقف ہے۔

(الف) احناف کا (ب) شوافع کا (ج) دونوں کا (د) کسی کا نہیں

سوال نمبر4: "السَّبعُ الْمَثَانِي" کس سورۃ کا دوسرا نام ہے۔

(الف) سورۃ الفاتحہ (ب) سورۃ البقرۃ (ج) سورۃ الکوثر (د) سورۃ الاخلاص

سوال نمبر5: "اِسمٌ" بصریوں کے نزدیک مشتق ہے۔

(الف) وِسمٌ (ب) سِمُوٌ (ج) سِمٌ (د) کسی سے نہیں

سوال نمبر6: لفظ اللہ ہمیشہ موصوف واقع ہوتا ہے صفت واقع نہیں ہوتا، اور یہ نشانی ہے۔

(الف) علمیت کی (ب) وصفیت کی (ج) علمیت مع الوصفیت (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر7: تربیت کسی شے کو -------- کمال تک پہچانے کو کہتے ہیں۔

(الف) آہستہ آہستہ (ب) جلدی (ج) برق رفتاری سے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر8: "مَالِكِ يَوْمِ" میں اضافت کونسی ہے۔

(الف) لفظی (ب) معنوی (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر9: "إِيَّاکَ نَعْبُدُ" سے ------- کی طرف التفات کیا۔

(الف) غیب کی طرف (ب) خطاب کی طرف (ج) ان دونوں کی طرف (د) ان میں سے کوئی بھی درست نہیں

سوال نمبر10: "إِيَّاکَ" کو مقدم کرنے کی وجہ ہے۔

(الف) معنی حصر کو حاصل کرنا (ب) باری تعالی کا قدیم ہونا (ج) باقی کائنات کا حادث ہونا (د) یہ تمام

سوال نمبر11: علامہ بیضاوی نے "ھدایۃ" کا کونسا معنی اپنی تفسیر میں بیان فرمایا ہے۔

(الف) راستہ دکھانا (ب) مطلوب تک پہنچانا (ج) دلالت بلطف (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: لفظ "صِرَاط" کی اصل میں کونسی صورت باعتبار فن قراءت کے درست ہے۔

(الف) سِرَاط سین کے ساتھ (ب) صِرَاط صاد کے ساتھ بغیر اشمام کے

(ج) صِرَاط صاد کے ساتھ مع اشمام (د) یہ تمام درست ہیں

سوال نمبر 13: "المغضوب علیھم" سے تفسیر بیضاوی کی رو سے کون مراد ہیں؟

(الف) یہود (ب) سوشل اسٹ (ج) مستشرق (د) یہ تمام

سوال نمبر 14: "الٓمٓ" اور دیگر وہ الفاظ کہ جن کے ذریعے حروف تہجی شمار کیے جاتے ہیں۔

(الف) اسماء ہیں (ب) افعال ہیں (ج) یہ دونوں ہیں (د) یہ تمام درست نہیں

سوال نمبر 15: حروف تہجی اگر عامل کے ساتھ مرکب نہ ہوں تو امام حاجب کے نزدیک کیا ہونگے؟

(الف) معرب (ب) مبنی (ج) الف اور ب دونوں (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 16: سیبویہ اور ابن جنی کے نزدیک حروف بدل کی تعداد ہے۔

(الف) 10 (ب) 11 (ج) 12 (د) 13

سوال نمبر 17: "ھُدًی" اصل میں ہے۔

(الف) مصدر (ب) اسم جامد (ج) فاعل (د) مفعول

سوال نمبر 18: "الوقایۃ" کا معنی ہے۔

(الف) حفاظت (ب) انتہائی حفاظت (ج) معتدل حفاظت (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 19: "یعدلون أرکانھا" عبارت میں موجود فعل کو کس طرح پڑھیں گے؟

(الف) یَعْدِلُوْنَ (ب) یُعَدِّلُوْنَ (ج) یُعْدَلُوْنَ (د) الف، ب اور ج تینوں

سوال نمبر 20: "صَلٰوۃٌ" بروزن ہے۔

(الف) فَعَلَوۃٌ (ب) فَعَلَلَۃٌ (ج) فَعَلَۃٌ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 21: "إِنْزَال" کا مطلب ہے، شے کو نقل کرنا ----------۔

(الف) اسفل سے اعلی کی طرف (ب) اعلی سے اسفل کی طرف (ج) اعلی سے اعلی کی طرف (د) اسفل سے اسفل کی طرف

سوال نمبر 22: "یُوْقِنُوْنَ" کی قراءت "یُؤْقِنُوْنَ" بھی کی گئی ہے۔

(الف) واؤ کو ہمزہ کرکے (ب) ہمزہ کو واؤ کرکے (ج) کسی اور قاعدے کے تحت (د) یہ تینوں غلط ہے

سوال نمبر 23: ﴿أُوْلَٰٓئِکَ عَلَیٰ هُدًی مِّن رَّبِّهِمۡ وَأُوْلَٰٓئِکَ هُمُ الۡمُفۡلِحُونَ﴾ اس میں اسم اشارہ کو مکرر کیوں ذکر کیا؟

(الف) تنبیہ کے لیے (ب) تشریح کے لیے (ج) توضیح کے لیے (د) تشبیہ کے لیے

سوال نمبر 24: "مُفۡلِحٌ" اور "مُفۡلِجٌ" ان دونوں لفظوں کے معانی ---------- ہیں۔

(الف) مشترک المعنی (ب) متضاد المعنی (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 25: ﴿إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ﴾ "سَوَاءٌ" ترکیب کلام میں ہے۔

(الف) مبتدا (ب) مبتدا محذوف کی خبر (ج) إِنَّ حروف مشبہ بالفعل کی خبر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ
کنزالمدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: ____________

درجہ: عالیہ سال دوم | پرچہ: تیسرا | مضمون: التصوف
تاریخ: 27-02-2023 | دن: پیر | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

دستخط طالب علم: __________

مرکز امتحان: __________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط ممتحن: __________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر 1: عبادات شرعیہ جیسے طہارت، نماز اور روزہ وغیرہ کے احکام و شرائط سیکھنا ------ ہے۔

(الف) مستحب (ب) مستحسن (ج) ضروری (د) پسندیدہ

سوال نمبر 2: توکل کا تعلق ------ سے ہے۔

(الف) ظاہری اخلاق (ب) باطن اخلاق (ج) ظاہری و باطنی اخلاق (د) کسی سے نہیں

سوال نمبر 3: وہ علوم کہ جن کا طلب کرنا مسلمانوں پر فرض ہے ------ قسموں پر ہے۔

(الف) 02 (ب) 03 (ج) 04 (د) 05

سوال نمبر 4: اللہ تعالی نے اپنے نبی حضرت ------ علیہ السلام کی طرف علم نافع حاصل کرنے کی وحی فرمائی۔

(الف) اسماعیل (ب) ابراہیم (ج) نوح (د) داؤد

سوال نمبر 5: گناہ انسان کو ------ کی طرف پہنچا دیتے ہیں۔

(الف) نحوست (ب) کم بختی (ج) کفر و شقاوت (د) آزاد خیالی

سوال نمبر 6: توبہ کی شرائط ہیں۔

(الف) 02 (ب) 04 (ج) 06 (د) 08

سوال نمبر 7: توبہ کے ------ مقدمات ہیں۔

(الف) 02 (ب) 03 (ج) 04 (د) 05

سوال نمبر 8: حضور ﷺ کے فرمان (علیکم بالجماعۃ) سے مراد ------ ہے۔

(الف) دین (ب) حکم (ج) الف اور ب (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: حرام کردہ چیزوں سے زہد ------ ہے۔

(الف) سنت (ب) مستحب (ج) مستحسن (د) فرض

سوال نمبر 10: "أقطاب" ------ کی جمع ہے۔

(الف) قطب (ب) قطاب (ج) اقطباء (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 11: حدیث میں "ھرج" کا معنی ہے۔

(الف) لچکدار کمان (ب) ہنسی مذاق (ج) مرد اپنے ساتھ سے بے خوف نہ ہو (د) یقین نہ ہو

سوال نمبر 12: وہ کونسے لوگ ہیں کہ جن کو لوگوں سے صرف جمعہ، جماعت، عید اور حج کے مواقع پر ملنا چاہیے۔

(الف) علماء (ب) مفتیان (ج) قضاۃ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 13: کن لوگوں کو عامۃ الناس سے جدا نہ رہنے کا حکم ہے۔

(الف) علماء (ب) مفتیان (ج) قضاۃ (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر 14: ہر زمانے میں ------اوتاد ہوتے ہیں۔

(الف) 02 (ب) 04 (ج) 06 (د) 08

سوال نمبر 15: ابن عربی کے نزدیک وہ اوتاد جو ابراہیم علیہ السلام کے قلب پر ہیں وہ ------ ہیں۔

(الف) شامی (ب) عراقی (ج) یمانی (د) حجر اسود

سوال نمبر 16: النُجَباءُ------کی جمع ہے۔

(الف) نَجِيبَةٌ (ب) اَلنَّجَابَةُ (ج) نَجِيبٌ (د) مِنْجَابٌ

سوال نمبر 17: ہر زمانے میں نقباء کی تعداد ہے۔

(الف) 06 (ب) 08 (ج) 10 (د) 12

سوال نمبر 18: غوث کا مسکن ------ ہوتا ہے۔

(الف) مدینہ (ب) شام (ج) مکہ (د) مشرق

سوال نمبر 19: حضرت تونسی علیہ الرحمۃ نے کہا کہ آپ ﷺ کے بعد پہلا قطب ------ ہے۔

(الف) حضرت فاطمہ (رضی اللہ عنہ) (ب) حضرت ابوہریرۃ (رضی اللہ عنہ)

(ج) سلمان فارسی (رضی اللہ عنہ) (د) حضرت بلال (رضی اللہ عنہ)

سوال نمبر 20: "ذکرھا أبو طالب في القوت الصمت والعزلة والجوع والسھر" میں "السھر" کا معنی ہے۔

(الف) جنگل جہاں آمد و رفت نہ ہو (ب) روئے زمین (ج) رات نہ ہونا (د) چاند کا ہالہ

سوال نمبر 21: قطب ------- کو کہتے ہیں۔

(الف) خلیفہ (ب) خلیفہ باطن (ج) خلیفہ ظاہر (د) ظاہری و باطنی خلیفہ

سوال نمبر 22: "الرحي الحديدة" کا معنی ہے۔

(الف) لوہے کی کیل (ب) لوہے کا ہتھوڑا (ج) لوہے کا گرز (د) لوہے کی قینچی

سوال نمبر 23: خلفاء راشدین ----پر فائز تھے۔

(الف) خلافت (ب) ظاہری خلافت (ج) باطنی خلافت (د) ظاہری و باطنی خلافت

سوال نمبر 24: ہر زمانہ میں ابدال کی تعداد ------ ہوتی ہے۔

(الف) 20 (ب) 30 (ج) 40 (د) 50

سوال نمبر 25: ذوالنون مصری نے کہا کہ غوث ------ہوتے ہیں۔

(الف) 01 (ب) 03 (ج) 07 (د) 40